بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

ضمنی امتحان الثانویۃ العامۃ (میٹرک) سال اول برائے طالبات سال ۱۴۳۸ھ/2016ء

وقت: تین گھنٹے | پہلا پرچہ: ترجمہ قرآن وتجوید | کل نمبر: ۱۰۰

القسم الاول کے تمام سوالات اور القسم الثانی سے کوئی ایک سوال حل کریں۔

القسم الاوّل ۔۔۔۔ قرآن

سوال نمبر 1:۔ درج ذیل میں سے کسی چھ آیات مبارکہ کا ترجمہ تحریر کریں۔

۶x۱۰=۶۰

(۱) فَاِنۡ لَّمۡ تَفۡعَلُوۡا وَلَنۡ تَفۡعَلُوۡا فَاتَّقُوۡا النَّارَ الَّتِیۡ وَقُوۡدُهَا النَّاسُ وَالۡحِجَارَةُ اُعِدَّتۡ لِلۡكٰفِرِیۡنَ

(۲) وَاتَّقُوۡا یَوۡمًا لَّا تَجۡزِیۡ نَفۡسٌ عَنۡ نَّفۡسٍ شَیۡئًا وَّلَا یُقۡبَلُ مِنۡهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا یُؤۡخَذُ مِنۡهَا عَدۡلٌ وَّلَا هُمۡ یُنۡصَرُوۡنَ

(۳) وَلَمَّا جَآءَهُمۡ رَسُوۡلٌ مِّنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمۡ نَبَذَ فَرِیۡقٌ مِّنَ الَّذِیۡنَ اُوۡتُوا الۡكِتٰبَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَرَآءَ ظُهُوۡرِهِمۡ كَاَنَّهُمۡ لَا یَعۡلَمُوۡنَ

(۴) رَبَّنَا وَابۡعَثۡ فِیۡهِمۡ رَسُوۡلًا مِّنۡهُمۡ یَتۡلُوۡا عَلَیۡهِمۡ اٰیٰتِكَ وَیُعَلِّمُهُمُ الۡكِتٰبَ وَالۡحِكۡمَةَ وَیُزَكِّیۡهِمۡ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَكِیۡمُ

(۵) وَلَنَبۡلُوَنَّكُمۡ بِشَیۡءٍ مِّنَ الۡخَوۡفِ وَالۡجُوۡعِ وَنَقۡصٍ مِّنَ الۡاَمۡوَالِ وَالۡاَنۡفُسِ وَالثَّمَرٰتِ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِیۡنَ

(۶) وَاَنۡفِقُوۡا فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰهِ وَلَا تُلۡقُوۡا بِاَیۡدِیۡكُمۡ اِلَی التَّهۡلُكَةِ وَاَحۡسِنُوۡا اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الۡمُحۡسِنِیۡنَ

(۷) لَا یُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغۡوِ فِیۡۤ اَیۡمَانِكُمۡ وَلٰكِنۡ یُّؤَاخِذُكُمۡ بِمَا كَسَبَتۡ قُلُوۡبُكُمۡ وَاللّٰهُ غَفُوۡرٌ حَلِیۡمٌ

(۸) اِنَّ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمۡ اَجۡرُهُمۡ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ وَلَا خَوۡفٌ عَلَیۡهِمۡ وَلَا هُمۡ یَحۡزَنُوۡنَ

سوال نمبر 2:۔ درج ذیل الفاظ میں سے کسی دس کے معانی تحریر کریں۔ ۱۰

یُوۡقِنُوۡنَ لَمۡ تُنۡذِرۡهُمۡ لَا یَرۡجِعُوۡنَ مُحِیۡطٌ یَنۡقُضُوۡنَ یَسۡفِكُ مُسۡتَقَرٌّ یَسُوۡمُوۡنَكُمۡ اَلصّٰعِقَةُ اَلۡغَمَامَ اَمَانِیَّ یَكۡسِبُوۡنَ

یَسۡتَفۡتِحُوۡنَ لَمَثُوۡبَةٌ وَاصۡفَحُوۡا

القسم الثانی ۔۔۔۔ تجوید

سوال نمبر 3:۔ (الف) تجوید کا لغوی واصطلاحی معنی بیان کریں نیز اس کا موضوع اور غرض وغایت سپرد قلم کریں۔ ۱۵

(ب) آداب تلاوت ذکر کریں نیز خوش آوازی سے قرآن حکیم کی تلاوت کے مسنون ہونے پر کوئی دو دلائل تحریر کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 4:۔ (الف) اصول مخارج کتنے اور کون کونسے ہیں نیز درج ذیل میں سے کسی تین حروف کے مخارج سپرد قلم کریں۔ ۱۵

ح، ز، ش، ص، ن

(ب) صفات لازمہ کی تعریف اور صفات لازمہ متضادہ کے صرف نام تحریر کریں۔ ۱۵

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

ضمنی امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک) سال اول برائے طالبات سال ۱۴۳۸ھ/2016ء

وقت: تین گھنٹے — **دوسرا پرچہ: حدیث وعربی ادب** — کل نمبر: ۱۰۰

القسم الاول کے دونوں سوالات جبکہ القسم الثانی کے کوئی دوسوالات حل کریں۔

القسم الاول ــــ حدیث شریف

سوال نمبر 1:۔ درج ذیل میں سے کسی دواحادیث مبارکہ کا ترجمہ کریں۔ ۳۰

(۱) عن ابن عمر رضی اللّٰہ عنھما أن رسول اللّٰہ ﷺ قال أمرت أن أقاتل الناس حتی یشھدوا أن لا الہ الا اللّٰہ وأن محمدا رسول اللّٰہ ویقیموا الصلوٰۃ ویؤتوا الزکوٰۃ فاذافعلوا ذلک عصموا منی دمائھم وأموالھم الا بحق الاسلام وحسابھم علی اللّٰہ تعالی

(۲) عن ابی یعلی شداد بن أوس رضی اللّٰہ عنہ عن رسول اللّٰہ ﷺ قال ان اللّٰہ کتب الاحسان علی کل شیء فاذا قتلتم فاحسنوا القتلۃ واذا ذبحتم فاحسنوا الذبحۃ ولیحد أحدکم شفرتہ ولیرح ذبیحتہ

(۳) عن ابی ثعلبۃ الخشنی جرثوم بن ناشر رضی اللّٰہ عنہ عن رسول اللّٰہ ﷺ قال ان اللّٰہ تعالی فرض فرائض فلاتضیعوھا وحدحدودا فلاتعتدوھا وحرم اشیاء فلاتنتھکوھا وسکت عن أشیاء رحمۃ لکم غیر نسیان فلاتبحثوا عنھا۔

سوال نمبر 2:۔ درج ذیل میں سے کسی ایک جزء کا جواب دیں۔ ۲۰

(۱) اسلام کی پانچ بنیادیں کیا ہیں؟ اربعین نووی میں منقول حدیث کے الفاظ میں نقل کریں نیز انکی تشریح وتوضیح تحریر کریں۔

(۲) انسانی جسم میں دل کی کیا اہمیت ہے؟ اربعین نووی میں مذکور اس مضمون کی حدیث مبارکہ مع تشریح وتوضیح سپرد قلم کریں۔

القسم الثانی ــــ ادب عربی

سوال نمبر 3:۔ (الف) درج ذیل میں سے پانچ جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں۔ ۱۵

(۱) ذلک ثور شاھد (۲) اکتب بالقلم علی الکراسۃ (۳) الضیف یدعو ابعد الطعام (۴) النملۃ ترید حفر الحجر

(۵) الاستاذ قریب من السبورۃ (۶) صار المریض صحیحا (۷) انی اخاف اللّٰہ رب العالمین

(ب) درج ذیل میں سے پانچ الفاظ کے معانی لکھیں۔ ۱۰

(۱) زھرۃ (۲) تفاح (۳) فار (۴) شجرۃ (۵) کرۃ (۶) الطاؤس (۷) شاب

سوال نمبر 4:۔ (الف) درج ذیل میں سے کسی تین جملوں کی عربی بنائیں۔ ۱۵

(۱) خالد کی تختی (۲) بچہ اپنی کتاب میں پڑھتا ہے (۳) میرا دوست کاغذ پر لکھتا ہے۔ (۴) کیا میں چلتا ہوں۔ (۵) جی ہاں! میں قرآن پڑھتا ہوں۔

(۶) میں بازار جاتا ہوں۔ (۷) سلام کرو۔

(ب) درج ذیل میں سے کسی پانچ رشتہ داروں کے بارے میں بتائیں کہ عربی میں انہیں کیا کہا جاتا ہے؟ ۱۰

(۱) دادا (۲) دادی (۳) چچا (۴) پھوپھی (۵) بہن (۶) بھائی (۷) خالہ

سوال نمبر 5:۔ (الف) درج ذیل میں سے کسی تین الفاظ کو مفید عربی جملوں میں استعمال کریں۔ ۱۵

(۱) حدیقۃ (۲) نخیل (۳) شاۃ (۴) طیارۃ (۵) لبن

(ب) چہرہ، سر، ناک، منہ، ہاتھ مذکورہ اعضاء کے عربی میں نام تحریر کریں۔ ۱۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

ضمنی امتحان الثانویۃ العامۃ (میٹرک) سال اول برائے طالبات سال ۱۴۳۸ھ /2016ء

وقت: تین گھنٹے | تیسرا پرچہ: عقائد وفقہ | کل نمبر: ۱۰۰

دونوں قسموں سے کوئی دو دو سوال حل کریں۔

القسم الاول ـــــ عقائد

سوال نمبر 1:۔

(۱) ملائکہ کے بارے میں عقیدہ تحریر کریں۔ نیز ان کی گستاخی اور انکے وجود کا انکار کرنا کیسا ہے؟ ۱۵

(۲) قیامت کسے کہتے ہیں؟ نیز کوئی پانچ علامات قیامت سپرد قلم کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 2:۔

(۱) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے آسمان سے اترنے کے بارے میں تفصیل سپرد قلم کریں۔ ۱۵

(۲) میزان کسے کہتے ہیں؟ اس کے بارے میں عقیدہ تحریر کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 3:۔

(۱) بدعت اور اسکی اقسام مع تعریفات وامثلہ تحریر کریں؟ نیز بدعت حسنہ کے اثبات پر کوئی ایک دلیل قلمبند کریں۔ ۱۵

(۲) بیعت کرنے کے بعد مرید پر لازم ہونے والے امور میں سے صرف پانچ تحریر کریں۔ ۱۰

القسم الثانی ـــــ فقہ

سوال نمبر 4:۔ درج ذیل میں سے کسی پانچ اصطلاحات کی تعریف سپرد قلم کریں۔ ۲۵

(۱) فرض (۲) واجب (۳) سنت مؤکدہ (۴) مستحب (۵) حرام قطعی (۶) مکروہ تنزیہی

سوال نمبر 5:۔

(۱) وضو کو توڑنے والی کتنی چیزیں ہیں؟ کسی پانچ کی تفصیل تحریر کریں۔ ۱۵

(۲) سنی بہشتی زیور کی روشنی میں غسل کی کتنی سنتیں ہیں؟ ان میں سے صرف پانچ تحریر کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 6:۔

(۱) حیض کی حکمت بیان کریں نیز حیض آنے کی کم از کم (ابتدائی عمر) اور زیادہ سے زیادہ (انتہائی) عمر بیان کریں۔ ۱۵

(۲) امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے بچوں کی اخلاقی تربیت کے قواعد کو ایک دستور العمل کے طور پر مرتب فرمایا آپ اسکا خلاصہ لکھیں۔ ۱۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

ضمنی امتحان الشھادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک) سال اول برائے طالبات سال ۱۴۳۸ھ/2016ء

وقت: تین گھنٹے | چوتھا پرچہ: صرف | کل نمبر: ۱۰۰

آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1:۔

(۱) حرف کی تعریف کرنے کے بعد بتائیں کہ اسکی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟ مع تعریفات و امثلہ بیان کریں۔ ۱۵

(۲) صیغہ، باب اور صرف صغیر کسے کہتے ہیں؟ ہر ایک کی وضاحت کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 2:۔

(۱) میزان کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں نیز حروف اصلیہ کا دوسرا نام تحریر کریں۔ ۱۵

(۲) مصنف نے حروف اصلیہ اور زائدہ میں فرق کرنے کے کل کتنے طریقے بیان کیے ہیں؟ آپ ان میں سے کوئی ایک طریقہ سپرد قلم کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 3:۔

(۱) لم کا لفظی و معنوی عمل بیان کریں۔ ۱۵

(۲) فَعَلَ یَفْعَلُ سے امر حاضر مجہول (بالام) کی گردان مع معنی تحریر کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 4:۔

(۱) درج ذیل میں سے کسی چار اصطلاحات کی تعریفات و امثلہ لکھیں۔ ۲۰

فعل متصرف ، ماضی بعید ، فعل مضارع ، اسم فاعل ، اسم ظرف ، اسم تفضیل

(۲) درج ذیل میں سے کوئی چار صیغے حل کریں۔ ۲۰

مَاسَمِعَتْ ، لَعَلَّمَا شَرُفْنَ ، لَاتَفْتَحِيْنَ ، لَمْ يَحْسِبْنَ ، لَيَسْمَعَنَّ ، نَاصِرٌ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

ضمنی امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک) سال اول برائے طالبات سال ۱۴۳۸ھ/2016ء

وقت: تین گھنٹے | پانچواں پرچہ: نحو | کل نمبر: ۱۰۰

سوال نمبر 4 لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1:۔

(الف) علم نحو کی تعریف اور موضوع بیان کرنے کے بعد لفظ موضوع و لفظ مہمل کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں۔ ۱۵

(ب) اسناد، مسند الیہ اور مسند کی تعریفات و امثلہ تحریر کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 2:۔

(الف) مبنی الاصل سے مشابہت کی کل کتنی صورتیں ہیں؟ آپ ان میں سے کوئی تین سپرد قلم کریں۔ ۱۵

(ب) منصرف اور غیر منصرف کی تعریف کریں نیز اسباب منع صرف کے صرف نام لکھیں۔ ۱۵

سوال نمبر 3:۔

(الف) اسم مبنی (غیر متمکن) کی کل کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟ نیز ضمیر شان و ضمیر قصہ کی تعریف تحریر کریں۔ ۱۵

(ب) مستثنیٰ کسے کہتے ہیں نیز مستثنیٰ متصل اور مستثنیٰ منفصل کی تعریفات و امثلہ بیان کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 4:۔

(الف) درج ذیل اصطلاحات میں سے کسی چار کی تعریفات و امثلہ تحریر کریں۔ ۲۰

(۱) مرکب مفید (۲) جملہ انشائیہ (۳) جملہ اسمیہ (۴) لفظی عامل (۵) منادیٰ (۶) توابع

(ب) درج ذیل مرکبات میں سے کسی دو کی ترکیب کریں۔ ۲۰

(۱) اِیتِ بِالْکِتَابِ (۲) کَتَبَ زَیْدٌ (۳) رَأَیْتُ زَیْدًا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

ضمنی امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک) سال اول برائے طالبات سال ۱۴۳۸ھ/2016ء

وقت: تین گھنٹے | چھٹا پرچہ: جنرل سائنس ومطالعہ پاکستان | کل نمبر: ۱۰۰

سوال نمبر 1 اور 5 لازمی ہیں باقی دونوں قسموں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

القسم الاول ـــــ جنرل سائنس

سوال نمبر 1:۔ (الف) خالی جگہیں پُر کریں۔ ۱۰

(۱) اے پی آئی مخفف ہے ـــــ کا۔ (۲) خسرے کے انجیکشن بچے کو ـــــ سال کی عمر میں دیے جاتے ہیں۔ (۳) بی۔سی۔جی ـــــ کا حفاظتی ٹیکہ ہے۔ (۴) الیکٹرونکس ـــــ کے طرز عمل اور کنٹرول کا علم ہے۔ (۵) ری پلے کیلئے ایک ـــــ بیم سی ڈی کو سکین کرتی ہے۔

(ب) مختصر جواب دیں۔ ۱۰

(۱) سائنس کی اہم شاخوں کے نام لکھیں۔ (۲) آسٹروفزکس سے کیا مراد ہے؟ (۳) ایڈز بیماری کے وائرس کا کیا نام ہے؟ (۴) ڈی۔پی۔ٹی کا انجیکشن کن بیماریوں کے خلاف مدافعت پیدا کرتا ہے؟ (۵) پروٹوکول کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 2:۔ ٹیکنالوجی سے کیا مراد ہے؟ زمانہ قدیم کی ٹیکنالوجی کی کوئی مثال دیں۔ ۱۵

سوال نمبر 3:۔ قرآن حکیم میں سائنس اور علم کی اہمیت کا ذکر آیا ہے، جواب کی وضاحت دو قرآنی آیات کے حوالے سے کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 4:۔ ملیریا سے بچاؤ کے مختلف طریقے بتائیں۔ ۱۵

القسم الاول ـــــ مطالعہ پاکستان

سوال نمبر 5:۔ (الف) خالی جگہیں پُر کریں۔ ۱۰

(۱) اسلامی حکومت کی بنیاد ـــــ نے رکھی۔ (۲) امام احمد رضا خان فاضل بریلوی کی پیدائش سن ـــــ میں ہوئی۔ (۳) تحریک خلافت ـــــ کے خلاف تھی۔ (۴) ~~۱۹۵۶ء~~ کا آئین وزیراعظم ـــــ کے دور میں منظور ہوا۔ (۵) موجودہ چیف جسٹس کا نام ـــــ ہے۔

(ب) مختصر جواب دیں۔ ۱۰

(۱) وہ کونسا حکمران تھا جس کی فتوحات نے برصغیر میں اشاعت اسلام کی راہ ہموار کی؟ (۲) جنگ آزادی میں حصہ لینے والے کسی دو مشائخ کے نام لکھیں۔ (۳) انڈین نیشنل کانگریس کب قائم کی گئی؟ (۴) قائداعظم نے مسلم لیگ کی قیادت کب سنبھالی؟ (۵) آئین سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 6:۔ انگریز کے خلاف جنگ آزادی کے محرکات پر روشنی ڈالیں۔ ۱۵

سوال نمبر 7:۔ اسلامی نظریہ حیات پر تفصیلاً روشنی ڈالیں۔ ۱۵

سوال نمبر 8:۔ مشرقی پاکستان کی علیحدگی کی وجوہات سپرد قلم کریں۔ ۱۵